# 23 RD

# ANNUAL REPORT

## ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

**1-7-1993 TO 30-6-1994**

آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ
سوسائٹی لمیٹڈ

23 ویں سالانہ رپورٹ برائے سال 94-1993ء

یکم جولائی 1993ء تا 30 جون 1994ء

Published by
MANAGING COMMITTEE
All Memon Welfare Co-Operative Housing Society Ltd

Registered Office:
247, sunny Plaza, 2nd floor,
Hasrat Mohani Road, karachi,
Phone : 217590

CamScanner


# ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

## Members of the Managing Committee For the Year 1993 - 1994

| | |
|---|---|
| Madam Ishrat Hanif Motiwala | President |
| Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala | V. President |
| Mr. Yousuf Abdullah | Hon. Gen. Secretary |
| Mr. Haji Haneef Bumbia | Committeeman |
| Abdul Razzak Haji Mohammad | " |
| Mr. Abdul Sattar Lilya | " |
| Mr. Ahmed Umer Diwan | " |
| Mr. Ali Mohammed Maya | " |
| Mr. Amin Jamal | " |
| Mr. Abdul Gh ffar Memon | " |
| Mr. Hanif Begawala | " |
| Mr. Gul Mohammed | " |
| Mr. Iqbal Ismail Kasmani | " |
| Mr.. Ghulam Hussain Habib | " |
| Mr. Abdul Sattar Bhangda | " |
| Haji Zakaria Ismail | " |

CS CamScanner


# عہدیداران اور اراکین مجلس انتظامیہ



حاجی عبدالرزاق حاجی محمد




اقبال اسماعیل مانگرول والا نائب صدر سوسائٹی




محمد یوسف عبداللہ نومی وا


اعزازی جنرل سیکریٹری سوسا




محترمہ عشرت حنیف موتی والا صدر سوسائٹی



احمد عمر دیوان




حاجی ذکریا اسماعیل



غلام حسین حبیب



گل محمد


عبدالستار للیا


علی محمد مایا



عبدالستار بھنگڑا


عبدالغفار میمن


حاجی حنیف ایوب بوبیا


اسماعیل قاسمانی


حنیف بیگاوالا


امین جمال

CamScanner



# تقریر محترمہ عشرت حنیف موتی وا
# صدر آل میمن ویلفیئر کو آپری
# ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ، کراچ

معزز ممبران، سوسائٹی، اسلام علیکم

اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اور آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ میں آج پھر سوسائٹی کے 23 ویں سالانہ جلسہ میں آپ سے مخاطب ہوں۔ میں نے اور میرے ساتھیوں نے جو وعدے آپ سے پچھلے سالانہ جلسہ کے موقع پر کئے تھے۔ خدا کا شکر ہے کہ میں اس سلسلے میں آپ سے شرمندہ نہیں ہوں اور کارکردگی کے لحاظ سے یہ سال ایک ریکارڈ سال رہا ہے۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے؟ آپ حضرات نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے کہ سائٹ پر کیسی روشنی پھیلی ہوئی ہے اور آپ کا میمن نگر کیسا کھلا کھلا اور روشن لگتا ہے۔ چند سال پہلے جہاں دن کے وقت جاتے ہوئے بھی ایک وحشت سی ہوتی تھی۔ وہاں اب راتیں بھی جگمگا رہی ہیں۔ یہ سب اللہ کا کرم ہے۔ اور میرے ساتھیوں نے جتنی محنت اور جانفشانی سے سوسائٹی کے لئے کام کیا ہے اور اپنی ذاتی مصروفیات کو ملتوی کر کے اپنا قیمتی وقت سوسائٹی کے لئے خرچ کیا اور پھر اپنی محنت کے صحیح نتائج حاصل کئے۔ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

محترم اراکین! سیکٹر A/13 کے تمام ترقیاتی کام مکمل ہو چکے۔ حسب وعدہ بجلی بھی آگئی۔ پانی کے کنکشن بھی منظور ہو گئے۔ مکان بنانے کے لئے جتنی سہولیات کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ تمام موجود ہیں۔

سیکٹر A/15 کے ترقیاتی کام تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کر رہے ہیں اور اس سیکٹر کے پلاٹوں کے لئے قبضہ کی درخواستیں بھی طلب کر لی گئی ہیں اور ایک مناسب موقع پر قبضہ بھی جلد دے دیا جائے گا۔

یہ سب باتیں اپنی جگہ، لیکن اب میں ایک بات آپ سے پوچھنا چاہتی ہوں وہ یہ کہ ممبران کی جانب سے ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے سلسلے میں جتنی شدت سے مطالبہ کیا جا رہا تھا۔ کاموں کی تکمیل پر، ممبران کی جانب سے کمیٹی کو وہ پذیرائی کیوں نہیں ملی؟ وہ تمام شدت جھاگ کی طرح کیوں بیٹھ گئی؟

یہاں حسب حال مجھے ایک شعر یاد آیا جو کچھ اس طرح ہے

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خوں نہ نکلا

دستو! میں یہاں آپ کے سامنے چند حقائق پیش کرنا چاہتی ہوں۔ جن کا میمن نگر کی آبادکاری اور آپ کے مستقبل کے تعمیرا منصوبوں سے گہرا تعلق ہے۔ میں آپ کے سامنے تعمیراتی لاگت کا ایک سادہ سا خاکہ پیش کر رہی ہوں جو عام طور پر آج کل ایک اسٹینڈرڈ اسٹیمیٹ کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ وہ یہ ہے

ایک پلاٹ 120 مربع گز یعنی 1080 مربع فٹ = تعمیراتی رقبہ تقریبا 850 مربع فٹ = تعمیراتی لاگت = 300 روپے فی مر
ن=255000

ایک پلاٹ 240 مربع گز یعنی 2160 مربع فٹ = تعمیراتی رقبہ تقریبا 1280 مربع فٹ = تعمیراتی لاگت = 84000 روپے۔ یہ تخمینی لاگت سی کلاس تعمیر کے لئے ہے۔ جبکہ بی کلاس تعمیر کی لاگت کا تخمینہ 400 روپے فی مربع فٹ ہے اور ا۔ کلاس تعمیر کی لاگت کم از کم 600 روپے فی مربع فٹ ہے۔ اس سے آگے جتنی بھی آپ کی جیب اجازت دے' بڑھتے جایئے

آپ ذرا سوچیئے کہ سال یا دو سال بعد تعمیراتی اخراجات کہاں سے کہاں پہنچ جائیں گے؟

دوسری بات۔ جو ترقیاتی کام اتنی بڑی رقوم خرچ کر کے آج مکمل کرائے گئے ہیں۔ اگر آبادی نہ ہونے کی وجہ سے وہ استعما مل نہ آئے تو جو ٹوٹ پھوٹ اور نقصان ہو گا اور انتظامیہ کو دو چار سال بعد اس کی مرمت اور تزئین پر جو مزید رقوم خرچ کر پڑیں گی' وہ بھی بالواسطہ آپ کا ہی نقصان ہو گا۔

آپ جانتے ہیں کہ کافی بڑی رقوم خرچ کر کے سیکٹر 13/A میں بجلی کی تنصیبات کی تکمیل کرائی گئی اور سائٹ پر بجلی آگئی موجودہ حالات میں جن سے ہم سب گزر رہے ہیں' اگر علاقہ میں آبادی نہ ہوئی تو تنصیبات کو کسی بھی وقت کوئی بھی نقصان پہ سکتا ہے۔ سائٹ پر اس وقت چھ چوکیدار دن رات حفاظت کے لئے مقرر ہیں اور ان کے اخراجات بھی آپ کی طرف سے انتظامیہ برداشت کر رہی ہے۔ جو مالی لحاظ سے یقیناً ایک اضافی بوجھ ہے' کہنے کا مقصد یہ ہے کہ تمام تکمیل شدہ ترقیاتی کاموں حفاظت کا واحد طریقہ یہ ہے کہ علاقہ میں جلد از جلد آبادی ہو اور ممبران اپنے مکانات کی تعمیر میں فوری دلچسپی لیں۔

دوستو! آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ میں اب خود آرکیٹیکٹ انجینئر بن چکی ہوں اور آپ کے مکانات کی تعمیر کے سلسلے میں آپ کو جو مشکلات درپیش ہوں' اس سلسلے میں' میں آپ کو مفید مشورے دے سکتی ہوں اور عملی طور پر ان مشکلات کو حل کرانے میں سوسائٹی کے عہدیداران آپ کی ہر ممکن مدد کریں گے۔ بشرطیکہ آپ حضرات پہل کریں اور اپنے مکانات کی ت میں فوری دلچسپی لیں۔

میرے دوستو۔ سوسائٹی اپنے ممبران کو جتنی مراعات دے سکتی ہے' اس نے دیں' یہاں تک کہ مکان بنانے کے لئے اب تعمیراتی پانی بھی مہیا کیا' لیکن اس کے باوجود گنتی کے چند ممبران نے نقشے پاس کرائے اور اب تک چار چھ مکانات کی تعمیر ہو سکی
… اگلے سال ڈبل نہیں تو ڈیڑھ گنا لاگت

یقیناً آ سکے گی۔ آپ خود ہی فیصلہ کیجئے کہ میمن نگر میں مکانات کی جلد تعمیر آپ کے مفاد میں ہے یا نہیں؟

دوستو! اپنی تعلیمی مصروفیات کے سبب گو کہ میں سوسائٹی کے کاموں کے لئے زیادہ وقت نہ دے سکی۔ لیکن میرے ساتھیوں یعنی سوسائٹی کے عہدیداران نے ہر کام کے لئے مجھ سے مشورہ کیا اور ہر بات سے مجھے باخبر رکھا گیا۔ میرے ساتھیوں نے جس قدر لگن اور محنت سے کام کیا ہے۔ میں اس کی قدر کرتی ہوں، تمام ممبران خصوصاً نائب صدر جناب اقبال ماکروڑ والا، آنریری سیکریٹری یوسف عبداللہ صاحب، جناب غفار میمن صاحب، ذکریا اسماعیل صاحب، عبدالستار للیا صاحب، میں ان تمام حضرات کو ان کی کامیابیوں پر دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ آخر میں، میں آنریری یوسف عبداللہ صاحب کی ذاتی کاوشوں اور کوششوں کا ذکر کروں تو یہ زیادتی ہوگی۔ ان کی انتھک جدوجہد اور دن رات کی کوششوں سے چند ایسے کام بھی پایہ تکمیل کو پہنچے جو عام حالات میں تو تقریباً ناممکن تھے۔ مزید تفصیلات آپ کو سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ سے معلوم ہوگی جو اعزازی جنرل سیکریٹری پیش کریں گے۔

میں آپ سب لوگوں کے تعاون کے لئے شکر گزار ہوں اور امید کرتی ہوں کہ ہمیں آئندہ بھی آپ کا تعاون حاصل رہے گا۔

آخر میں، میں سوسائٹی اسٹاف کا شکریہ ادا کرتی ہوں جو نہایت محنت اور ایمانداری سے اپنے فرائض ادا کر رہے ہیں ایک بار پھر آپ سب کا شکریہ۔ خدا حافظ

عشرت حنیف موتی والا
صدر سوسائٹی



# جناب اقبال اسماعیل مانگرول والا نائب صدر آل میمن ویلفیئر کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کا سوسائٹی کے 23 ویں سالانہ اجلاس سے خطاب

محترم اراکین سوسائٹی و حاضرین جلسہ...... السلام وعلیکم

ہزاروں احسان اور شکر ہے اللہ تعالٰی بزرگ و برتر کا کہ سوسائٹی کے 23 ویں سالانہ اجلاس میں آج مجھے آپ صاحبان سے ب ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔

پ سب کے علم میں ہے کہ سوسائٹی ایک رفاہی ادارہ ہے اور بہ حیثیت نائب صدر اور کنوینر ترقیاتی سب کمیٹی کے مجھے ،ؤں کی بار بار خدمت کا موقع ملتا رہا اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مجھے آپ سب بھائیوں، بہنوں اور بزرگوں کی ن اور دعاؤں کے علاوہ آپ کا پر خلوص اعتماد بھی حاصل رہا اور میری بھی یہ کوشش رہی ہے کہ میں آپ کے اعتماد کو کبھی یں لگنے دوں۔

ہمائی کے مسائل اور جملہ امور کے علاوہ ممبران کے مفادات کا تحفظ اور نگرانی ہمارے فرائض منصبی میں شامل ہیں اور ہد تک ہم اس میں کامیاب رہے ہیں۔ سوسائٹی کے اعزازی جنرل سکریٹری جناب یوسف عبداللہ نوی والا کی تفصیلی سالانہ ٹ اور مالی گوشوارہ کے ذریعہ آپ باآسانی اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں جس میں سوسائٹی کے مسائل و وسائل اور ترقیاتی کاموں ، متعلق تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ آپ سب یقیناً" ہماری مثبت کوششوں اور اس کے نتیجہ میں ملنے والی کامیابیوں کو تے ہوئے کمیٹی ممبران اور عہدیداران کی ہمت افزائی کریں گے۔ ترقیاتی کاموں کو اس سال جتنی اہمیت اور اولیت دی گئی ا ثبوت یہ ہے کہ بجلی اور پانی کی ترسیل اور سیکٹرA ر13 میں ایک چھوٹے سے قطعہ اراضی کا حصول ہماری مخلصانہ جدوجہد امیابیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہماری یہ کوشش بھی رہی ہے کہ مقررہ مدت میں کام پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے ہماری ری کوششوں کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے کہ سیکٹرA ر13 میں ترقیاتی کام مکمل کئے جاچکے ہیں۔ اب اس سیکٹر میں مکانات کی ر آباد ہونے کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ چند ممبران نے اپنے مکانات کی تعمیر مکمل کرالی ر کچھ تعمیر کے مراحل میں ہیں آپ خود ہمت کریں آگے بڑھیں اور اس سیکٹر کو جلد از جلد آباد کریں۔ سیکٹرA/15 میں ور سیوریج سسٹم کی تعمیر کا کام جاری ہے اور انشاء اللہ بہت جلد واٹر سپلائی اسکیم بھی شروع کردی جائے گی۔ پلاٹوں کے

قبضے کے لئے درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں اور اس سیکٹر میں بھی پلاٹوں کا قبضہ جلد ہی دے دیا جائے گا۔ سوسائٹی کی کامیابی

اسے چار چاند لگانے میں چند مخلص اور بے لوث ساتھیوں کی عملی جدوجہد اور ذاتی دلچسپی کا بھی ذکر کرتا چلوں کیونکہ ان

نے نامساعد حالات' ہڑتالوں' بارشوں اور شہر کے کشیدہ حالات کے باوجود ذاتی مصروفیات ترک کرکے سوسائٹی کے کاموں

اولیت اور ترجیح دی اور ہر ضرورت کے وقت سائٹ پر موجود پائے گئے۔ کاموں کی نگرانی کی۔ چوروں اور ناپسندیدہ عناصر

سوسائٹی کی املاک کو محفوظ رکھا۔ ان میں قابل ذکر اور قابل قدر اعزازی جنرل سکریٹری جناب یوسف عبداللہ نوی والا

ساتھی جناب غفار میمن' عبدالستار للیا' غلام حسین حبیب اور ذکریا اسماعیل صاحبان ہیں۔ علاوہ ازیں بوقت ضرورت

حنیف بوبیا' حنیف بیگا والا اور احمد عمر دیوان صاحبان بہ نفس نفیس موقع پر پہنچ کر شریک ہوتے رہے اور مسائل اور معاملات

سلجھانے میں مدد دی۔ یوسف بھائی نے ذاتی دلچسپی لے کر گوناگوں مشکلات اور مصروفیات کے باوجود دونوں سیکٹروں میں

نگرانی کی۔ سیکٹر 13/A میں بجلی کی تنصیبات کے کام کی دیکھ بھال کو پایۂ تکمیل تک پہنچا کر پورے سیکٹر کو روشن کردیا۔ اس

واٹر بورڈ سے دونوں سیکٹروں کے لئے پانی کے کنکشن منظور کرائے اور سیکٹر 13/A میں پانی کی ترسیل بھی کرادی۔ اور اب

سیکٹر کا حلیہ ہی بدل گیا۔ حضرات یہ کامیابیاں گو کہ اجتماعی ہیں مگر اس کا سہرا اعزازی جنرل سیکریٹری یوسف بھائی کو جاتا ہے

کی ذاتی مساعی بھاگ دوڑ اور دفاتروں میں رابطے قابل تعریف ہیں۔ لہٰذا میں اپنی اور اراکین کی جانب سے اعزازی

سکریٹری جناب یوسف عبداللہ نوی والا کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

محترم ممبران..... آپ جانتے ہیں کہ پر خلوص اور بے لوث و بے غرض سماجی و رفاہی کارکنان کے لئے ہمت افزائی کے

بول سونے چاندی کے ڈھیروں سے زیادہ وزن رکھتے ہیں۔ لہٰذا میری آپ سے گزارش ہے کہ جس صورت اور جس شکل میں

ان کی ہمت افزائی کرسکتے ہیں کیجئے۔ کہ یہ ان کا وہ کم از کم حق ہے جو آپ کو دینا چاہئے اور اس میں آپ کا کوئی خرچ نہیں ہوتا

میں سابقہ ٹھیکیدار جناب ظفر حسین وارثی صاحب' جناب حاجی عالم صاحب اور اختر صاحب کا بھی مشکور ہوں۔ جنہوں

ہمارے ساتھ مکمل تعاون کیا اور سیکٹر 13/A میں جو کام کئے گئے معیار کے لحاظ سے سب نے اسے پسند کیا۔

ہمارے اعزازی تکنیکی مشیر جناب محمد حسین انجینئر صاحب کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ

مہارت سے ترقیاتی کاموں کی نگرانی کی اور نقائص دور کرنے میں ہماری مدد کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس نیک کام کا اجر دے گا۔

مجھے اس بات کی بھی خوشی ہے کہ دفتر اور سائٹ پر متعین عملہ نے اپنے فرائض انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیئے اور مجھے

ہمیشہ ان کا تعاون حاصل رہا۔ میں ان سب کا مشکور ہوں۔

آخر میں' میں آپ سب کا ممنون ہوں کہ مجھے اعتماد کے قابل سمجھا اور اس دعا کے ساتھ ختم کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں

سوسائٹی کو مزید ترقی دے اور "میمن نگر" جلد از جلد آباد ہو۔

ویسے اب میمن نگر ایک پر فضا کالونی کی شکل میں تبدیل ہو چکا ہے۔ آپ خود سائٹ پر جائیے اور اپنی آنکھوں سے دیکھئے کہ

میمن نگر کیا سے کیا بن گیا ہے۔

یہاں شاعر سے معذرت کے ساتھ تھوڑا سا تصرف کر کے ایک شعر پیش کرتا ہوں جو حسب حال ہے۔

چلیئے میمن نگر کو چلئے کہتے ہیں کہ بہاراں ہے

پھول کھلے ہیں پات ہرے ہیں چنچل باد و باران ہے

شکریہ خدا حافظ


محمد اقبال اسماعیل مانگرول والا

نائب صدر

آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی

CS CamScanner

# آل میمن ویلفیئر کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی
# کے اعزازی جنرل سیکریٹری
# جناب محمد یوسف عبداللہ نوی وا
# کی سالانہ جائزہ رپورٹ
# برائے سال 1993-1994



محترمہ صدر صاحبہ   معزز اراکین اور حاضرین جلسہ

اسلام و علیکم

شکر کا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر مجھے آج کے 23 ویں اجلاس میں سوسائٹی کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کرنے کا شرف بخشا۔ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ "آل میمن ویلفیئر کو اپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ" کو اپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹیز پر فوقیت حاصل ہے۔ جس کی سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ سیکٹر 13/A میں جملہ ترقیاتی کی تکمیل کے بعد سیکٹر 15/A میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ زیر نظر جائزہ رپورٹ اور مالی گوشوارہ سے بالکل واضح ہو جائے گی کہ سوسائٹی کی انتظامیہ نے اپنے محدود وسائل اور روز افزوں بڑھتی ہوئی گرانی کے باوجود کاموں کا معیار برقرار رکھنے کے علاوہ مقررہ مدت میں مکمل کرانے کی پوری کوشش کی۔ ترقیاتی کاموں پر مامور افراد وقت نگرانی اور گرفت کو مضبوط رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور آپکی دعاؤں سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس سال ہونے والی بارشوں نے گو کہ کام جاری رکھنے میں تعطل تو ضرور پیدا کیا مگر کئے ہوئے کاموں پر زیادہ اثر نہیں ڈالا۔ دیگر سوسائٹیز کالونیوں اور شہری علاقوں میں ہوا۔ ہم نے بنیادی طور پر ترقیاتی کاموں کے لئے معیار کو اہمیت دی۔

CamScanner

## سیکٹر 13/A

## ترقیاتی کاموں کی تکمیل

پچھلے سال کی رپورٹ میں آپ کو یہ بتایا جا چکا ہے کہ اس سیکٹر میں سڑکوں کی تعمیر سیوریج اور واٹر سپلائی کے سسٹم کی تکمیل کی جا چکی ہے۔ اور سڑکوں پر تارکول اور کناروں پر پتھروں کی مضبوطی کے کاموں کو اس لئے چھوڑ دیا گیا تھا کہ بجلی کے کھمبوں کی تنصیب، واٹر سپلائی کے پائپوں میں لیکیج اور سیوریج سسٹم میں پانی کی صحیح سمت میں بہاؤ کی فائنل چیکنگ کے دوران اگر کوئی نقص پایا جائے تو اسے آسانی سے درست کرالیا جائے۔ اب یہ کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔ ساتھ ہی مین ہول اور کھمبوں کے ڈھکنے بھی تیار کرالئے گئے ہیں اور انشاء اللہ سڑکوں پر کارپیٹنگ اور اسٹون پچنگ کا کام بھی جلد مکمل ہوجائے گا۔

**سیکٹر 13/A میں بجلی کی تنصیبات:۔** بجلی کی تنصیبات اور کنکشن کے سلسلے میں پچھلے سال کی میٹنگ میں جو فیصلے کئے گئے تھے اس کے مطابق ہم نے عمل کیا۔ ممبران کے انفرادی کنکشن اور بجلی کی تنصیبات بمعہ PMT کے جملہ اخراجات ممبران کی جانب سے سوسائٹی کے ریزرو ترقیاتی فنڈ سے ادا کردیئے گئے اور سیکٹر 13/A میں بجلی پہنچانے کے لئے ہم نے دن رات محنت کی۔ متعلقہ محکمہ سے مسلسل رابطہ کرکے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ اور آپ نے دیکھ لیا کہ ہم نے اس سیکٹر کو روشن کرکے ہی سانس لیا۔ اب یہ سیکٹر ایک روشن اور منور علاقہ ہے۔ آپ رات کے بارہ بجے بھی وہاں جاسکتے ہیں آپ کو کوئی گھبراہٹ محسوس نہیں ہوگی۔

مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کہ AGBM کے فیصلے کے مطابق ہم نے مبلغ =/6000 روپے فی پلاٹ اس سیکٹر کے 200 ممبران سے طلب کئے۔ باوجود یاددہانی کے خطوط کے ابھی تک صرف 31 پلاٹ ہولڈرز نے یہ رقم جمع کرائی ہے جبکہ 169 پلاٹ ہولڈرز نے ابھی یہ رقم جمع کرانی ہے۔ ہماری رات دن کی محنت بھاگ دوڑ کا نتیجہ ایک طرف اور دوسری طرف ممبران کے ذاتی' انفرادی' چالانوں کی ادائیگی کے باوجود ممبران کی سردمہری کا جو عالم ہے وہ آپ کے سامنے نمایاں کردیا گیا۔

**سیکٹر 13/A میں پانی کا کنکشن اور مکانات کی تعمیر:۔** ہم نے دن رات ایک کرکے واٹر بورڈ والوں کا پیچھا کیا اور خود

CamScanner

کا شکر ہے کہ مکانات کی تعمیر کے لئے ہم پانی کا کنکشن حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

دوستو... آپ کو معلوم ہے سوسائٹی کی جانب سے 30 جون 1994ء تک مکان کی چھت تک تعمیر پر مبلغ -/00 روپے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ اب تک 16 ممبران نے نقشے پاس کرائے ہیں اور 2 مکان تعمیر ہوئے اور 5 زیر تعمیر اور یہ سب کچھ اس کے باوجود ہے کہ ان مکانات کی تعمیر کے لئے سوسائٹی نے اپنے فنڈز سے ادائیگی کرکے پانی فراہم اس کے باوجود دو سال میں صرف 66 الاٹیز نے قبضہ حاصل کرنے کی درخواستیں دیں اور 30 الاٹیز نے قبضہ حاصل آپ حضرات نے اندازہ لگا لیا ہے کہ دونوں مشکلات کا مقابلہ کرکے رات دن محنت کی اور ترقیاتی کام مکمل کرائے۔ سائٹ پر بجلی بھی آگئی اور اخراجات کی ادائیگی بھی سوسائٹی نے اپنے فنڈ سے کی۔ پانی خرید کر دیا گیا اور اب چند ممبران کے اصرار پر کسی نہ کسی طرح پانی کا کنکشن بھی منظور کرایا۔ سائٹ کی حفاظت اور اپنی زمینوں کو قبضہ گروپ سے بچانے کے لئے چوبیس گھنٹے ڈیوٹی کے لئے چھ چوکیدار موجود ہیں جو آپ کی زمینوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کر رہے ہیں۔ مختلف اوقات میں سرکلر، نوٹس و اخبارات کے ذریعہ ممبران کو ان تمام سہولیات کے متعلق باخبر رکھا گیا لیکن الاٹیز کی عدم دلچسپی کا یہ عالم ہے کہ ایک طرف تو سائٹ پر سہولیات پیدا کرنے کے لئے شدید مطالبہ اور دوسری طرف ایسی سردمہری کہ قبضے کے کاغذات ایک عرصہ سے سوسائٹی آفس میں تیار پڑے ہیں ان کے وصول کرنے کی بھی فرصت نہیں۔ کیا کسی بستی کو آباد کرنے کے یہی رنگ ڈھنگ ہوتے ہیں۔ آپ خود ہی فیصلہ کیجئے۔

مسجد کی تعمیر:۔ اس سلسلے میں جو اصل رکاوٹ تھی وہ نقشے کی منظوری تھی اور اس کی مشکلات کا اندازہ صرف وہی کر سکتے ہیں جو سرکاری دفاتر کے موجودہ طریقہ کار سے کسی حد تک واقف ہیں۔ سرکاری اداروں کی ناقص کارکردگی سستی اور سرخ فیتے کی لعنت کے متعلق آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ جائز کاموں میں بھی رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں۔ مسجد کا نقشہ منظور کرانے میں مجھے اپنی کمشنر اور کے ڈی اے کے دفاتر میں جن حالات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کی تفصیل یہاں بیان نہیں کر سکتا۔ بہرحال خدا کا شکر ہے کہ یہ مبارک اور مقدس کام بھی مکمل ہو گیا۔ اور ڈی سی آفس سے NOC حاصل کرکے کے ڈی اے کے اہلکاروں سے نقشہ پاس کرالیا۔ اس کام میں کافی وقت ضائع ہو گیا۔ کمیٹی نے منظوری دی ہے کہ مسجد کا کام لیبر ریٹ پر کرایا جائے اور ہم مختلف ٹھیکیداروں سے لیبر ریٹ کے متعلق تفصیلات اکٹھی کر رہے ہیں امید ہے کہ مسجد کی تعمیر کا کام جلد شروع ہو جائے گا۔

سیکٹرA/15:- جیسا کہ ہم نے آپ سے پچھلی میٹنگ میں وعدہ کیا تھا کہ سیکٹرA/15 کے ترقیاتی کام نہایت تیزی سے مکمل کرائے جا رہے ہیں۔ درمیان میں بارشوں کی وجہ سے کچھ رکاوٹ ہوئی۔ لیکن اب تیز رفتاری سے کام جاری ہے واٹر سپلائی کا کام بھی جلد ہی شروع کرا دیا جائے گا۔ اس سیکٹر کے الاٹیز سے قبضہ لینے کی درخواستیں بھی مانگی ہیں اور جونہی ایک مناسب تعداد میں درخواستیں جمع ہونگی ایک مناسب موقع پر الاٹیز کو سائٹ پر بلا کر انہیں قبضہ دے دیا جائے گا۔ اس سیکٹر میں ترقیاتی کاموں کی ذمہ داری میسرز مانیکا انٹرنیشنل کو سونپی گئی ہے۔ اس فرم کے مالک جناب ریاض صاحب ایک سلجھے ہوئے انسان ہیں۔ اور اپنے کام میں ماہر ہیں۔ وہ اور ان کا اسٹاف اس سیکٹر میں ترقیاتی کام پوری ذمہ داری اور دلچسپی سے انجام دے رہے ہیں۔ امید ہے کہ اس سیکٹر کا ترقیاتی کام جلد مکمل ہو جائے گا۔ یہاں میں آپ کی توجہ دو نہایت اہم موضوعات پر مبذول کرانا چاہتا ہوں جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ سیکٹرA/15 کے کام A/13 کے مقابلے میں دوگنے ہیں۔ یہ بڑے کام ہیں اور ان کی تکمیل کے لئے ایک خطیر اور معقول رقم کی ضرورت ہوگی۔ میں آپ کو بتا چکا ہوں کہ سوسائٹی نے اپنے ترقیاتی فنڈز سے سیکٹرA/13 میں بجلی کے جملہ اخراجات اس توقع کے ساتھ ادا کئے کہ سائٹ پر بجلی آنے کے بعد اس سیکٹر کے الاٹیز اپنے حصہ کی ادائیگی مبلغ =/6000 فی پلاٹ فوری طور پر ادا کر دیں گے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ دوسری بات سیکٹرA/13 کے کمرشل پلاٹ جو نیلام کئے گئے۔ نیلام کی شرائط کے مطابق ان کی مکمل ادائیگی 20 جنوری 1994ء تک ہو جانی چاہئے تھی لیکن کمرشل الاٹیز نے بھی شرائط کے مطابق ادائیگی نہیں کی اور اندازاً نصف ادائیگی یعنی تقریباً "26 لاکھ روپے باوجود کئی تحریری یا دہانی خطوط اور نوٹسوں کے ابھی تک ادا نہیں کئے گئے۔ یہاں میں آپ کو یہ بھی بتا تا چلوں کہ اسی ماہ میں M.C کے فیصلے کے مطابق کمرشل الاٹیز کو ممبر شپ نمبر الاٹ کر کے انہیں ووٹ کا حق استعمال کرنے کی تحریری اطلاع دے دی گئی اور ان سے درخواست کی گئی کہ وہ سوسائٹی آفس سے رجوع کر کے اور متعلقہ فارم کی تکمیل کر کے اپنے سرٹیفکیٹ اور الاٹمنٹ بھی حاصل کر لیں مزید پورے ایک سال کی نادہندگی کی مدت کو معاف کر دیا گیا۔ اور حتمی ادائیگی کے لئے 20 جنوری 1995ء تک مہلت دی گئی۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ سیکٹر A/15 کے ترقیاتی کاموں کے لئے جو ہمارا مالیاتی پلان تھا۔ اس سلسلے میں کافی بڑی رقم ممبران کی جانب واجب الادا ہے۔ ہم نے ان تمام معاملات کو کمیٹی میں زیر بحث رکھا۔ اور اس سلسلے میں جو تجویز پیش کر رہا ہوں اسکے متعلق معزز ممبران سوسائٹی کا مکمل تعاون درکار ہے۔

CamScanner

1۔ سیکٹر A/13 کی طرح سیکٹر A/15 میں بھی بجلی کی تنصیبات بمعہ PMT اور کنکشن وغیرہ کے لئے کمیٹی کو اختیار
جائے کہ وہ اس سیکٹر کے الاٹیز سے بھی فی الوقت مبلغ =/6000 فی پلاٹ وصول کرے۔ لیکن موجودہ گرانی کے پیش نظ
کمیٹی کو اختیار دیدیا جائے کہ وہ وقت اور ضرورت کے لحاظ سے اگر ضروری ہو تو مناسب ترمیم کرسکے۔

2۔ سیکٹر A/13 کی طرح سیکٹر A/15 کے کمرشل پلاٹوں کے نیلام کرنے کا اختیار کمیٹی کو دیا جائے۔ تاکہ نیلام کی رق
اس سیکٹر کے ترقیاتی کاموں کی تکمیل پر خرچ کی جائے۔

3۔ بجلی کی رقم کی عدم ادائیگی کے سلسلہ میں کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ نادہندگان پر پینلٹی عائد کی جائے۔

4۔ کمرشل پلاٹ کے ایسے نادہندگان جو 20 جنوری 1995ء تک جملہ رقم ادا نہ کریں 'ان کے کمرشل پلاٹوں ک
الاٹمنٹ منسوخ کرنے کا اختیار کمیٹی کو دیا جائے۔

5۔ سیکٹر A/13 کے الاٹیز جو سائٹ پر ہر قسم کی سہولت موجود ہونے کے باوجود مکانات بنانے میں دلچسپی نہیں رکھتے
ان سے Non-Utilization چارجز =/500 روپے ماہوار کے حساب سے وصول کئے جائیں۔ کیونکہ سوسائٹی نے
تمام ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے بعد زمینوں کی حفاظت کے لئے چھ چوکیدار رکھے ہوئے ہیں۔ یہ فیصلہ اس لئے بھی
ضروری ہے کہ ممبران کو ان کی زمین پر مکانات کی تعمیر کے لئے متوجہ کیا جائے۔

**پلاٹوں کی سب لیز:۔** آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ ہم نے 4 نومبر 1994ء کو اخبارات اور سرکلز نوٹسوں کے ذریعہ
اپنے ممبران سے ان کے پلاٹوں کی سب لیز کے لئے درخواستیں طلب کیں۔ تاکہ ہمارے ایسے ممبران جو قرضہ کی سہولت
حاصل کرکے مکان کی تعمیر کرنا چاہیں۔ انہیں آسانی ہو۔ لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج تک سب لیز کے لئے کسی مم
کی جانب سے کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔ اب آپ ہی بتائے کہ ہم اس سے زیادہ کیا کرسکتے ہیں۔

**سیکٹر A/15 میں پانی کا ٹینک:۔** معزز ممبران... سیکٹر A/15 میں عنقریب ہی پانی کی لائنیں ڈالنے کا کام شروع ہونے
والا ہے۔ ویسے تو اس سیکٹر کی وسعت کو دیکھتے ہوئے یہاں پانی کے دو ٹینک تعمیر ہونے چاہئیں۔ لیکن فی الحال اگر ایک ٹینک
بھی تعمیر ہو تو وہ انڈر گراؤنڈ ٹینک ہو یا اوور ہیڈ۔ اس مسئلے پر آپ سب کی رائے زیادہ اہمیت کی حامل ہوگی۔ آپ کو یہ
جان کر بھی خوشی ہوگی۔ کہ اس سیکٹر میں جو بڑے بڑے کھڈے تھے ان کی بھرائی اور زمین کی ہمواری اس طرح کرائی گئ

CamScanner

ہے کہ اب آپ اپنی گاڑی میں بیٹھ کر پورے سیکٹر میں گھوم سکتے ہیں اور اپنے پلاٹ کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

**سیکٹر A/13 میں ایک قطع زمین کا حصول:۔** آپ یہ جان کر خوشی محسوس کریں گے کہ ہم بڑی تگ و دو کے بعد سیکٹر A/13 میں 22 گنٹے کا ایک چھوٹا سا قطعہ اراضی نالے کے ساتھ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ یہ زمین ڈپٹی کمشنر ملیر کے سروے اسٹاف کے تعاون اور D.C کی منظوری سے حاصل کی گئی ہے سکندر گوٹھ کے مکینوں کی تنظیم سے اس زمین کا قبضہ بھی حاصل کرلیا گیا ہے۔ لیکن نقشہ میں کمرشل منظور کرانے میں چند قانونی دشواریاں ہیں۔ اور سرکاری اداروں کی رکاوٹیں بھی ہیں۔ ہم نے نقشہ داخل کیا ہوا ہے۔ اور اس کو رفاحی پلاٹ کے طور پر منظور کرا کر اس جگہ ایک بلڈنگ کی تعمیر کے لئے منصوبہ بندی کی گئی ہے جگہ کو محفوظ کرنے کے لئے حفاظتی دیوار بھی تعمیر کرنا ضروری ہے۔ اس کام میں بڑی دشواریاں پیش آئی ہیں۔ لیکن ہم اپنے ساتھیوں کے تعاون اور اللہ کی مہربانی سے کامیاب ہوگئے ہیں۔ اس سلسلے میں کمیٹی نے ایک ریزولیشن پاس کیا ہے جو آپ کی خدمت میں منظوری کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ آپ حضرات اس سلسلہ میں تعاون فرمائیں گے۔

**مسجد فنڈ کے لئے درخواست:۔** جیسا کہ میں نے اس سے قبل عرض کیا کہ مسجد کی تعمیر جلد شروع ہونے والی ہے۔ لہذا میں اپنے ممبران سے خصوصا" اور میمن برادری کے حضرات سے عموما" درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس کار خیر میں دل کھول کر حصہ لیں۔ مسجد کی بنیاد کی کھدائی کی تقریب کے موقع پر جن حضرات نے جو رقم دینے کا اعلان کیا تھا۔ اس سلسلے میں اب تک صرف =/9000 روپے تقریبا" جمع کرائے گئے ہیں۔ اور مسجد فنڈ میں اب تک صرف 179000 روپے جمع ہوئے ہیں جو تعمیری کام کے لئے نہ ہونے کے برابر ہیں۔ میں آپ سب حضرات سے درخواست کروں گا کہ وہ صاحبان جنہوں نے پہلے اعلان کیا تھا اور وہ جو آئندہ اعلان کریں 'اعلان کردہ رقم کا چیک مسجد فنڈ میں جلد از جلد جمع کرا دیں۔ امید ہے کہ آپ سب حضرات اس صدقہ جاریہ میں دل کھول کر حصہ لیں گے۔ اور ثواب دارین حاصل کریں گے۔

پلاٹوں کے قبضہ کے سلسلہ میں ایک بار پھر آپ سے درخواست کروں گا کہ موجودہ حالات میں ہماری سوسائٹی کے ترقیاتی کاموں کو دیکھ کر بہت سے حاسد پیدا ہوگئے ہیں۔ مختلف قبضہ گروپس بھی مختلف جگہوں پر ناجائز قبضہ کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ بات ممبران کے مفاد میں ہوگی۔ کہ وہ جلد از جلد اپنے پلاٹوں کا قبضہ لے کر وہاں تعمیر کرلیں۔ جن ممبران کو کوئی

CS CamScanner

دشواری پیش ہو تو کمیٹی سے رابطہ کریں ہم کوشش کریں گے کہ ان کی ہر ممکن مدد کی جائے اگر بوجہ مجبوری مکان کی تعمیر
فی الحال ممکن نہ ہو تو کم از کم چاردیواری ضرور تعمیر کرالی جائے جو زمین کی حفاظت کے لئے بہت ضروری ہے۔

## مینیجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیوں کی میٹنگز

مینیجنگ کمیٹی کی میٹنگز ہر ماہ ہوتی رہی اور تمام اہم ضروری معاملات ممبران کی متفقہ رائے سے طے پاتے رہے۔ ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کی میٹنگز اس سال سب سے زیادہ ہوئیں۔ ہر جمعہ کو سائٹ پر میٹنگز اور اس کے علاوہ دفتر میں بھی کافی میٹنگز ہوئیں۔ ترقیاتی کاموں کی اہمیت اور کاموں کی نوعیت کے لحاظ سے یہ میٹنگز ضروری تھیں۔ اس کے علاوہ ٹرانسفر سب کمیٹی' لیگل سب کمیٹی' آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی کے میٹنگس بھی حسب ضرورت ہوئیں۔ اس سال ٹرانسفر فیس کے طور پر سوسائٹی کو =/99056 روپے وصول ہوئے۔ اور یہ بات ہماری سوسائٹی کی مقبولیت اور سوسائٹی پر پلاٹ ہولڈرز کے اعتماد کا ثبوت ہے۔

میں ان تمام کامیابیوں کے لئے سب کمیٹیوں کے کنوینر صاحبان اور ساتھیوں کا بے حد شکر گزار ہوں کہ ان سب نے میرے ساتھ ہر کام میں بھرپور تعاون کیا اور میری پوری پوری مدد کی۔ ان میں نمایاں نام جناب اقبال مانگرول والا صاحب کا ہے ان کے ساتھ زکریا اسمٰعیل صاحب' جناب غفار میمن صاحب اور جناب عبدالستار للیا صاحب نے بھی ہمیشہ میرے ساتھ تعاون کیا ہے اور سوسائٹی کے لئے بے لوث خدمات انجام دیں۔

سوسائٹی کی پریزیڈنٹ محترمہ عشرت حنیف صاحبہ کا میں بے حد ممنون ہوں کہ انہوں نے ہر قدم پر ہماری رہنمائی کی۔ اور مفید مشورے دیئے۔ اور حقیقت میں سوسائٹی کے تمام ترقیاتی کام ان کی صائب رائے اور مشوروں کے مرہون منت ہیں۔ یہاں میں سوسائٹی کے اعزازی ٹیکنیکل مشیر اور انجینئر جناب محمد حسین صاحب کی خدمات کا بھی اعتراف کرتا ہوں محمد حسین صاحب سوسائٹی کے لئے بلا معاوضہ خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اور ان کے ٹیکنیکل مشورے نہایت فائدہ مند ثابت ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کی جزا دے گا۔ یہ ہماری سوسائٹی کی خوش نصیبی ہے کہ ہمیں ترقیاتی کاموں کے لئے تجربے کار اور ایمان دار ٹھیکیدار ملے ہیں۔ میں سابقہ ٹھیکیدار جناب ظفرالحسن وارثی اور ان کے ساتھیوں اور

ہم ٹھیکیدار سیکٹر 15/A جناب ریاض الدین صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے سوسائٹی کے ترقیاتی کاموں کو اپنے تجربہ، مہارت اور محنت سے مکمل کیا اور کر رہے ہیں۔

میں سوسائٹی کے آڈیٹرز میسرز ساند ھوا ینڈ کمپنی کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی آڈٹ ٹیم نے ہر سال کی طرح اس سال بھی سوسائٹی کے آڈٹ کے موقع پر مکمل تعاون کیا اور ہماری بیلنس شیٹ وقت پر تیار کر کے دی۔

آخر میں سوسائٹی آفس اور سائٹ اسٹاف کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی اور دیانتداری سے ادا کیے۔ میں اپنے تمام سوسائٹی ممبران کا بے حد شکر گزار ہوں کہ آپ مجھے سوسائٹی میں اس اہم خدمت کا اہل سمجھتے ہیں۔ اور مجھ پر اعتماد کرتے ہیں۔ میں نے اپنی پوری کوشش کی ہے کہ آپ کے اعتماد پر پورا اتروں اور یہ امید رکھتا ہوں کہ آئندہ بھی مجھے آپ کا اعتماد حاصل رہے گا۔

دوستو..... میرا اپنا اصول تو یہ ہے کہ نیکی کرو اور دریا میں ڈال دو۔ نہ مجھے کوئی لالچ ہے نہ کسی صلہ کی توقع ہے۔ سوسائٹی کا مفاد، عزت اور وقار بہرحال میرے نزدیک سب سے مقدم ہے اور میری تمام محنت اور خدمت اسی حوالے سے ہے۔

اب میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔

آپ کا بہت بہت شکریہ۔ اللہ حافظ

آپ کا مخلص

محمد یوسف عبداللہ نوی والا

اعزازی جنرل سیکریٹری

نوٹ: ہماری سائٹ پر گیس لائن ڈالنے کے لئے گیس کمپنی سے ہماری بات ہوگئی ہے اور ان کے متعلقہ اسٹاف نے سائٹ کا سروے بھی کر لیا ہے۔ گیس کمپنی کی ہدایت کے مطابق گیس لائن اور کنکشن کے لئے ممبران کے مکانوں کے منظور شدہ نقشوں کی کاپیاں کمپنی کو مہیا کرنا ضروری ہیں۔ یہ ان کی دفتری کارروائی کی ضرورت ہے لہٰذا سیکٹر 13-A کے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مکانات کے نقشے جلد از جلد منظور کرالیں تاکہ سائٹ پر گیس آجائے اور اب یہ آپ حضرات پر منحصر ہے کہ آپ کتنی جلدی یہ کام مکمل کراتے ہیں۔ آپ کا شکریہ

CamScanner





7-II سوسائٹی کی منیجنگ کمیٹی کے ممبران سیکٹر 15-A میں سیوریج لائن کی تعمیر کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں


CamScanner





#-2 سیکٹر 15-A میں گٹر لائنوں کی نئے سرے سے تعمیر کا کام

CamScanner



دھوراجی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے عہدیداران اعزازی مشیر انجینئر محمد حسین کے ہمراہ بجلی کی تنصیبات کا جائزہ لے رہے ہیں







محمود مورانی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے مہران سیکٹر A-13 میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

## ALL MEMON WELFARE COOP. HOUSING SOCIETY LTD. KARACHI. MINUTES OF THE 22ND ANNUAL GENERAL BODY MEETING OF SOCIETY HELD ON FRIDAY, 4TH OF FEBRUARY, 1994 AT 10.30 A.M. AT BAGHE PORBANDAR 1720/3, PORBANDAR MEMON COLONY, FEDERAL 'B' AREA, KARACHI.

Twenty second Annual General Body Meeting of the AMWCHS LTD. was held on Friday, the 4th February, 1994, at 10.30 a.m. at Baghe-Porbandar, Porbandar Memon Colony, F.B. Area, Karachi.

Twenty Nine Society Members were present and they have signed in the Register. The Hon. Election Commissioner of Society Mr. Ibrahim Azmi, Advocate was also present in the meeting. The meeting was chaired by Society President Madam Ishrat Hanif Motiwala. Mr. Iqbal Ismail, Vice President of Society performed as Compere of meeting. The meeting started with the recitation of Holy Quran by Mr. Abdus Sattar Bhangda. Before start of the Agenda, a Resolution presented by Mr. M. Yousuf Abdullah, the Hon. Secy. of the Society, and seconded by Mr. Abdus Sattar Iiliya, under Item No. 6 was taken up and FATEHA KHAWANI was made for the Departed Soul of Late A. Gani A. Karim Chapra.

The resolution approved reads as follows:-

"THIS HOUSE IN ITS 22ND ANNUAL GEN. MEETING RESOLVED TO OFFER FATEHA FOR THE DEPARTED SOUL OF LATE A. GANI A. KARIM CHAPRA WHO SEPARATED FROM US ON 3RD JULY, 1993. LATE CHAPRA SAHIB WAS AN OLD SOCIETY MEMBER AND ALSO MEMBER OF THE MANAGING COMMITTEE OF THE SOCIETY. HE ENJOYED STATUS OF AN ELDER OF THE COMMUNITY, HE WAS A REPUTED SOCIAL WORKER AND A WELL KNOWN PHILANTHROPIST. THE GEN. BODY MEETING RECORDS ITS DEEP SORROW AND GRIEF OVER THE SAD DEMISE AND ALSO RECORDS ITS APPRECIATION FOR THE VALUABLE SERVICES THAT LATE CHAPRA SAHIB RENDERED FOR THIS SOCIETY.
MAY GOD REST HIS SOUL WITH PEACE IN ETERNITY AND GRANT SOLACE TO THE BEREAVED FAMILY."

There after Agenda was taken up.

**ITEM NO.1** .Minutes of the last A.G.B.M. were read and explained in URDU before the House by Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala. Under Item No. 1, the final Report of Inquiry Committee on Mr. Rafiq Noor, Ex Office Secy. of the Society, came under discussion. Mr. Abdus Sattar Liliya, Convenor of the Inquiry Committee explained the facts dug and found out by the Committee from Society Record and statements of witnesses which include the then Office Bearers of Society. The Report concluded that allegations of Embezzlement of Society Funds to the tune of Rs. 21000/- (Twenty One Thousand) approx. have been proved against Mr. Rafiq Noor. But in view of his long attachment with and services for this Society as an Employee and as a Member of Society, and also considering his present ailing condition, the Committee has taken a lenient view, and has recommended that it is for the House to decide to take a suitable action against Mr. Rafiq Noor. The House, after discussion, and considering the recommendations of the Inquiry Committee, unanimously resolved as under:

"THAT IN VIEW OF THE FACTS MENTIONED IN THE INQUIRY COMMITTEE REPORT IT HAS BEEN ESTABLISHED THAT SOCIETY FUNDS HAD BEEN MISAPPROPRIATED BY THE THEN OFFICE SECY. MR. RAFIQ NOOR, WHO IS ALSO A PLOT HOLDER MEMBER OF THIS SOCIETY. NOW THIS HOUSE HAS UNANIMOUSLY RESOLVED THAT MR. RAFIQ NOOR'S MIS-DEEDS ARE HEREBY CONDEMNED AND THIS HOUSE HEREBY RESOVLED THAT MR. RAFIQ NOOR, A PLOT HOLDER, MEMBER OF THIS SOCIETY IS / HAS BEEN BARRED FROM TAKING ANY ACTIVE PART IN SOCIETY AFFAIRS/ACTIVITIES THROUGH ELECTIONS, CO OPTION OR NOMINATION FOR A PERIOD OF THREE YEARS FROM NOW ONWARD. THE HOUSE FURTHER RESOLVED THAT OFFICIALLY OR UNOFFICIALLY MR. RAFIQ NOOR SHOULD NOT BE ASSOCIATED IN ANY WAY, WITH SOCIETY'S FINANCIAL, DEVELOPMENTAL ACTIVITIES DURING THIS THREE YEAR PERIOD OF RESTRICTIONS, IMPOSED ON HIM BY THIS AGBM. THE HOUSE FURTHER RESOLVED THAT THE ISSUE./RESOLUTION SHALL BE PLACED BEFORE THE A.G.B.M. FOR CONSIDERATION/RECONSIDERATION AFTER THE LAPSE OF THREE (3) YEARS."

Then the Minutes of last A.G.B.M. were confirmed by the House Unanimously.

**ITEM NO. 2.** The Office Bearers, The President, The Vice President and the Hon. Gen. Secy. of the Society read their reports for the corresponding period, mainly explaining and emphasizing on developmental activities of the Society. The House appreciated the efforts made by the Office bearers for Society's ...

CamScanner

...d Development. The House especially lauded the efforts made and role played by the Hon. Gen. Secy. ...the Society Mr. M Yousuf Abdullah.

The Hon. Secy. Mr. Yousuf Abdullah verbally informed the House about the Electric Supply ...sition in Sect. 13/A, and the talks that the Office Bearers had with the KESC officials in the presence ...other M.C members. Mr. Yousuf Abdullah informed the Members present that for Elect. Supply in Sector ...13/A, which include individual connection challans, and installation of P.M.T., Poles and Street lighting, ...e total expenditure comes to Rs.6000/- per plot. The KESC Officials have agreed to supply electricity ...this sector if the Society pays out the KESC in lumps-sum all the estimated challans of its Members ...13/A, issued by KESC on behalf of its member/plot holders.

Some Members pointed out that a few well reputed Housing Societies of Karachi have charged from their ...embers a total of Rs. 8500/- (Rupees Eight Thousand, Five Hundred) only for the supply of Electricity, ...ater and Gas. After some discussions and references, the Office Bearers of Society assured the Members ...at the Management of this Society will also Make efforts to provide these three facilities within the same ...nancial frame i.e. Rs. 8500/- per plot, but the rising trend in prices must also be kept in mind.

...his issue was further discussed by Members, and elaborated by the Office Bearers, and in the last the ...ouse approved that the Committee immediately can demand Rs. 6000/- per plot from the allottees of ...e Sector 13/A only to cover up the expenses detailed above, and to make immediate arrangements ...r the supply of Electricity in Sect. 13/A, where it has become pre-requisite for the construction of houses ...y allottees. This approval was unanimous.

**ITEM NO. 3.** Audited Accounts and Balance Sheet of Society prepared by M/s. Sandhu & Company, Chartered Accountants, were discussed. Some questions/queries asked by members were explained by the Office Bearers except one - reg. Some minus-plus details under the head of "INCOME AND EXPENDITURE ACCOUNT" OF BALANCE SHEET. The Official of the Auditors, who was present could not reply this as detailed notes of Balance Sheet were not available with him readily. The Office Secy. of the Society assured the Member to provide the details asked for by him, in Society Office any time during office hours on working day. The member was satisfied. Then the Accounts and Balance Sheet for the year 1992-93 were approved by the House unanimously.

**ITEM NO. 4.** The House approved the appointment of M/S. Sandhu & Company Chartered Accountants, as Auditors of Society for the year 1993-94, on the same remuneration as of last year. However, in case of any change, Office Bearers were authorised to do the needful.

**ITEM NO. 5.** The Hon.. Election Commissioner of Society (Mr. Ibrahim Azmi Advocate) who was present in the meeting, announced the result of Election of One President and Five Committeemen who had already been declared unopposed. These are 1. President Mrs. Ishrat Hanif Motiwala.
Committeemen. 1. Mr. Amin Jamal, 2. Mr, Zakaria Ismail, 3. Mr. Iqbal Kasmani, 4. Mr. M. Hanif Ayyub Bombia, 5. Mr. A Sattar Bhangda.

The Services of Mr. Ibrahim Azmi as Election Commissioner of Society were greatly appreciated by the House.

**ITEM NO. 6. (2)** A Resolution presented by Mr. M Yousuf Abdullah, Hon. Gen. Secretary of Society and Seconded by Mr. A. Sattar Liliya, reg. formation of a TRUST for the MASJID in Sector 13/A was approved, which reads as follows:

**RESOLUTION:**

"THIS 22ND MEETING OF THE GENERAL BODY OF THE AMWCHS LTD. KARACHI IN THIS MEETING ON 4TH FEBRUARY, 1994, RESOLVED THAT THE MANAGING COMMITTEE OF ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD. KARACHI, IS HEREBY AUTHORISED TO CONSTITUTE A TRUST FOR THE SUPERVISION AND MANAGEMENT OF ALL AFFAIRS (INCLUDING ITS DAY TO DAY ARRANGEMENTS) OF THE MOSQUE (MEMON MASJID) TO BE CONSTRUCTED ON SOCIETY'S LAND IN SECTOR 13/A, SCHEME NO, 33, (MEMON NAGAR) KARACHI. A BOARD OF TRUSTEES TO BE CONSTITUTED AND THE MEMBERSHIP OF THE BOARD SHOULD BE RESTRICTED TO THE MANAGING COMMITTEE AND MEMBERS OF THE SOCIETY INCLUSION OF TWO OFFICE BEARERS IN THE TRUSTEES BOARD WOULD BE COMPULSORY AND IT IS TO BE DECIDED BY THE COMMITTEE OF THE SOCIETY. THE COMMITTEE SHOULD MAKE NECESSARY ARRANGEMENTS FOR THE REGISTRATION OF THE TRUST WITH THE CONCERNED AUTHORITIES, AFTER COMPLETING ALL NECESSARY REQUIREMENTS.

THIS RESOLUTION HAS BEEN PASSED TO APPROVE THE FORMATION OF A TRUST FOR MEMON MASJID TO BE CONSTRUCTED IN SECTOR 13/A, SCHEME NO. 33 (MEMON NAGAR) IN PRINCIPLE, AND THE DETAILED RESOLUTION IS TO BE PREPARED BY THE COMMITTEE FULFILLING ALL NECESSARY LEGAL AND TECHNICAL REQUIREMENTS.

As all the Agenda items were disposed of, Clod Drinks was served to all those present, and then the meeting came to a close at 1.15 P.M. with a unanimous vote of thanks to the presidents.

**PRESIDENT OF THE SOCIETY.**

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

SUNNY PLAZA, 2ND FLOOR HASRAT MOHANI ROAD, NEW CHALLI, KARACHI Ph:217590

786 / AMWCHS/23RD AGBM/1243/94 Karachi dated 24th December, 1994

CED FOR 23RD ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND
UAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 1994-95

NTY THIRD (23RD) ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ELECTION OF SOCIETY FOR
E YEAR 1994-95 WILL BE HELD ON FRIDAY, THE 27TH OF JANUARY, 1995 AT 10.30 A.M AT
HOUSIA HALL NEAR LAKH PATI HOTEL, RANCHORE LANE KARACHI.
LOWING AGENDA WILL BE TRANSACTED AT THE ANNUAL GENERAL BODY
ETING:

plot-holders of the Society are requested to attend the meeting in time.

ENDA :- **O-O-O TILAWAT - E - QURAN.**

ENDA NO. 1. To read and confirm the Minutes of the last 22nd Annual General Body Meeting of the Society held on 4th Feb. 1994.

M NO. 2. TO APPROVE THE ANNUAL REPORT OF SOCIETY ACTIVITIES OFMANAGING COMMITTEE OF SOCIETY FOR THE YEAR 1993-94, ended on 30th of June, 1994.

M NO. 3. To approve and confirm the Accounts of the Society duly audited by the Chartered Accountants and Balance Sheet of Society for the year 1993-94 ended on 30th June, 1994.

M NO. 4. To appoint Auditors for the Year 1994-95 and to fix their remunerations.

M NO. 5. TO ELECT One President and Four (4) Committeemen for the year 1994-1995 as per bye-laws no. 47 (a) of the Society.
Retiring President - Madam Ishrat Hanif Motiwala.
Retiring Committeemen namely : 1. Mr. Yousuf Abdullah, 2. Mr. Ghulam Hassain Habib. 3. Mr. Haji A. Razzak, Haji Mohd. 4. Mr. Abdus Sattar Liliya.

M NO. 6. Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than 14 days before the Annual General Body Meeting.

TES:

1. In case the meeting is adjourned for want of Quorum OR because of Agenda remains unfinished, the Adjourned meeting will be held on FRIDAY, the 3rd of Feb.1995 at the same time and place.
2. Any Member wishing to move any resolution, should submit the resolution text duly proposed and seconded in the Society Office during Office hours minimum 14 days before the Annual General Body Meeting.
3. The Committee has been forced to keep the schedule of AGBM and ELECTION a little TIGHT because of hard time and unfavourable circumstances prevalent in the city, and also to hold the AGBM & Election before the approach of the Fasting Month (RAMADHNUL MUBARAK).

**(M.YOUSUF ABDULLAH NAVIWALA)**
**HON, GENERAL SECRETARY.**
**FOR ALL MEMON WELFARE COOP.**
**HOUSING SOCIETY LIMITED KAR.**

CamScanner